پی اے ایف بیس مسرور (کراچی)

سرکاری نیلام عام

۱۔ **16 فروری 2026**ء بروز پیر ،صبح دس بجے پی اے ایف بیس،مسرور، لاجسٹک اسکواڈرن میں ناکارہ اسٹور کا نیلام عام ہوگا جس میں ناکارہ گاڑیاں اور اسکریپ 'جہاں ہے ،جیسا ہے' کی بنیاد پر نیلام کیے جائیں گے۔

۲۔ مختلف لاٹس/ گاڑیوں اور اسکریپ کے معائنے کی اجازت نیلام کے روز صبح نو بجے دی جائے گی۔

۳۔ سامان کے معائنے کے بعد نیلام شروع ہو جائے گا۔ نیلام میں حصہ لینے کے لیے قومی شناختی کارڈ کا ہمراہ ہونا لازم ہے، ورنہ بولی میں حصہ نہیں لیا جاسکتا۔ بولی ختم ہونے پر بولی کنندہ ، بولی کی پوری رقم کا 25% موقع پر ادا کرے گا ۔ 75% بقیہ رقم جمع کروانے کا اعلان موقع پر کیا جائے گا ۔ 75% رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں زرِ بیعانہ بحق سرکار ضبط کرلیا جائے گا۔ کوئی بھی بولی بغیر وجہ بتائے منسوخ کی جاسکتی ہے۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو موجودہ سرکاری قواعد کے مطابق ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ، پندرہ یوم میں اپنی لاٹ کو پی اے ایف بیس، مسرور کی حدود سے اُٹھا لے جانے کا پابند ہوگا۔ بصورتِ دیگر سرکاری قواعد کے مطابق گراؤنڈ رینٹ چارجز لاگو ہوں گے۔

۶۔ اس فروخت کے تمام معاملات سے متعلق پی اے ایف بیس، مسرور کے تمام فیصلے حتمی، نتیجہ خیز اور تمام ایجنسیز کے لیے قابل قبول ہوں گے اور انھیں کسی بھی صورت میں کسی بھی فورم پر چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

۷۔ مزید تفصیل اور شرائط موقع پر بتائی جائیں گی۔ بولی سرکاری نیلام کنندہ (Govt. Auctioneer) کے ذریعے ہوگی۔

نوٹ: پی اے ایف، مسرور کی حدود میں موبائل فون، کیمرا اور کسی بھی نوعیت کے ہتھیار (لائسنس کے حامل/ بغیر لائسنس کے) لانا سختی سے منع ہے۔

آفیسر کمانڈنگ

پی اے ایف بیس، مسرور

فون ایکسٹینشن: 832-2271